سوال

(612) سجدے میں دعا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ نماز ختم کرنے کے بعد سجدے میں جا کے دعا کرتے ہیں، یا کچھ پڑھتے ہیں کیا یہ جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سجدہ اللہ کو سب سے زیادہ پسندیدہ عبادت ہے۔ بندہ اللہ کے سب سے زیادہ قریب سجدے کی حالت میں ہوتا ہے۔ کیونکہ اس میں اللہ تعالیٰ کے سامنے انتہاء درجہ کی عاجزی، انکساری اور بندگی کا اظہار ہوتا ہے اور انسانی اعضاء میں سے سب سے عزت والا عضو (چہرہ) اس مٹی میں رکھا جاتا ہے جو روندی جاتی، حقیر سمجھی جاتی ہے۔ تمام تر عزت اللہ تعالیٰ کے لیے ہی ہے۔ تو جیسے جیسے انسان اللہ تعالیٰ کی اس صفت (یعنی عزت والا ہونا) سے دور ہوتا جاتا ہے (اپنے آپ کو اس کے سامنے ذلیل کرتا جاتا ہے) ویسے ویسے اس کی جنت اور اس کے پڑوس میں قریب ہوتا جاتا ہے۔ سیدنا معدان بن ابی طلحہ یعمری فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام ثوبان رضی اللہ عنہ کو ملا تو میں نے کہا:

«أَخبِرنِي بِعَمَلٍ أَعمَلُهُ يُدخِلُنِيَ اللّٰهُ بِهِ الْجَنَّةَ... أَو... بِأَحَبِّ الأَعمَالِ إِلَى اللّٰهِ، فَسَكَتَ، ثُمَّ سَأَلتُهُ فَسَكَتَ، ثُمَّ سَأَلتُهُ الثَّالِثَةَ فَقَالَ: سَأَلتُ عَن ذٰلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ: ((عَلَيكَ بِكَثرَةِ السُّجُودِ لِلّٰهِ، فَإِنَّكَ لَا تَسجُدُ لِلّٰهِ سَجدَةً إِلَّا رَفَعَكَ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَةً، وَحَطَّ عَنكَ بِهَا خَطِيئَةً» أخرجه مسلم فی کتاب الصلاة، باب: فضل السجود والحث علیه، رقم: ۱۰۹۳

''مجھے ایسا عمل بتاؤ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ مجھے جنت میں داخل کر دیں یا (ایسا عمل بتاؤ) جو اللہ کے ہاں سب سے عمدہ ہو، تو اس نے جواب نہ دیا۔ میں نے پھر یہی سوال کیا: پھر بھی خاموش رہے، تیسری مرتبہ سوال کیا تو جواباً کہا ''میں نے بھی یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھی تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: اللہ تعالیٰ کے لیے سجود زیادہ کیا کرو، کیونکہ تو اللہ کے لیے ایک سجدہ کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے تیرا ایک درجہ بلند کر دیں گے اور تیری ایک برائی مٹا دیں گے۔''

سجدہ کی ادائیگی زمین پر ناک اور پیشانی رکھنے سے ہوتی ہے، چنانچہ جب آدمی یہ فعل کرتا ہے تو اس وقت وہ اپنے ربّ کے قریب ترین ہوتا ہے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

«أَقْرَبُ مَا يَكُونُ الْعَبْدُ مِنْ رَبِّهِ وَهُوَ سَاجِدٌ فَأَكْثِرُوا الدُّعَاءَ» أخرجه مسلم فی کتاب الصلاة، باب: ما یقال فی الرکوع والسجود، رقم: ۱۰۸۳

''بندہ اپنے رب کے زیادہ قریب سجدہ کی حالت میں ہوتا ہے، اس لیے سجدہ میں دعا زیادہ کیا کرو۔''

لہذا سجدے میں دعا کرنا ایک مسنون عمل ہے، یہ سجدہ خواہ نماز میں ہو یا نماز کے علاوہ ہو۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے

حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1